# فضائلِ دُعائے اِسمِ اَعظم

اس دُعا میں چند ایک قرآنی آیات اور کچھ احادیث سے کلمات اخذ کئے گئے ہیں جن کے بارے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ان کلمات میں اسم اعظم ہے اُن کلمات کو بھی یکجاء کیا گیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اسماء کو ایک مخصوص انداز کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔ کیونکہ دعا کا مطلب اللہ تعالیٰ کو پکارنا ہے اس لئے جو کوئی اللہ تعالیٰ کو درج ذیل اسماء الحسنیٰ کے ذریعے سے روزانہ ایک مرتبہ خلوص دل کے ساتھ پکارے گا تو اللہ تعالیٰ اس دُعا کے قاری کو ستّر قسم کے مصائب الام سے نجات عطا فرمائے گا۔ اور پڑھنے والے کی پردہ غیب سے مدد فرمائے گا۔ اس کے علاوہ اس کے پڑھنے والے کو دونوں جہانوں کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے گا۔ قاری کو چاہیئے کے اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھے تاکہ جلد مراد کو پہنچے۔ قاری کی سہولت کے لئے اردو ترجمہ بھی پیش خدمت کر دیا گیا ہے۔ اگر کوئی مسلمان کسی سخت مشکل میں پھنس جائے تو اس چاہیئے کہ اس دعا کو صبح فجر کی نماز سے پہلے تین مرتبہ پڑھے اور پھر سجدے میں جا کر اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے حضور اپنی حاجت پیش کرے۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی حاجت روائی کرنے پر قادر مطلق ہے۔ نیز اس دعا سے پہلے تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ لینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

# دُعائے اِسم اَعظم

## اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط

اللہ کی پناہ مانگتا ہوں میں شیطان مردود لعین سے۔

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

**لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ**

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

**وَاِلٰـھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ج لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع**

اور تمہارا معبود وہی معبود واحد ہے۔ نہیں ہے کوئی دوسرا معبود مگر وہی رحمٰن رحم کرنے والا ہے۔(البقرہ:۱۶۳)

**الٓمّٓ ﴿۱﴾ لا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لا الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴿۲﴾ ط**

الف لام میم۔ اللہ تعالیٰ کے سِوا کوئی معبود نہیں جو زندہ قائم ہے،(آل عمران:۱۔۲)

**لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ صلے ق اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ صلے ج**

تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تیری ذات پاک ہے۔ بیشک میں ہی بے جا کرنے والوں میں سے ہوں۔(الانبیاء:۸۷)

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ اَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا**

اے اللہ میں تجھ سے اس لئے التجا کرتا ہوں بے شک تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ، وَلَمْ یُوْلَدْ، وَلَمْ

تو اکیلا ہے ‘بے نیاز ہے نہ تونے کسی کو جنا اور نہ تو کسی سے جنا گیا

یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ط

اور تیرا کوئی ہمسر نہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ میں تجھ سے اس لئے التجا کرتا ہوں بے شک تو ہی حمد کے لائق ہے۔ تیرے سوا کوئی

الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ

معبود نہیں، تو احسان کرنے والا ہے‘ از سرنو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے اے صاحب

وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ط

جلال اور اکرام‘ اے زندہ اے قائم ذات۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا تمام ملک ہے اور اُسی کی

الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا

تمام تعریف ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گناہوں سے بچنے کی

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

طاقت اور نیکی کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے۔

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

اے صاحب جلال اور بزرگی والے۔

يَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَ النُّوْرُ فِيْ نُوْرِ نُوْرِكَ يَا نُوْرُ ط

اے روشن کرنے والے تو اپنے نور کے ساتھ روشن ہوا اور سب نور میں تیرا نور ہے اے نور۔

يَا عَزِيْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِيْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ

اے غالب! تو معزز ہوا ساتھ اپنی عزت کے اور سب عزت میں تیری عزت کے غلبہ میں ہے اے غالب۔

يَا جَلِيْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِيْ جَلَالِ جَلَالِكَ يَا جَلِيْلُ ط

اے بزرگ تو بزرگ ہوا اپنے جلال کے ساتھ اور جلال تیری بزرگی کے جلال میں ہے اے جلیل۔

يَا وَاحِدُ تَوَحَّدْتَ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَالْوَحْدَانِيَّةُ فِيْ وَحْدَانِيَّةِ وَحْدَنِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ ط

اے یگانہ! تو یگانہ ہے اپنی وحدانیت کے ساتھ اور وحدانیت تیری ہی وحدانیت کی یگانگت میں ہے اے یگانہ۔

يَا فَرْدُ تَفَرَّدْتَ بِالْفَرْدَانِيَّةِ وَالْفَرْدَانِيَّةُ فِيْ فَرْدَانِيَّةِ فَرْدَانِيَّتِكَ يَا فَرْدُ ط

اے یکتا تو یکتا ہے اپنی یکتائی کے ساتھ اور سب یکتائی تیری ہی یکتائی کی یکتائی میں ہے اے یکتا۔

يَا جَمِيْلُ تَجَمَّلْتَ بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِيْ جَمَالِ جَمَالِكَ يَا جَمِيْلُ ط

اے صاحب جمال تو اپنے جمال کے ساتھ جمیل ہوا اور سب جمال تیرے جمال کے جمال میں ہے اے جمیل۔

يَا عَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظْمَةِ وَالْعَظْمَةُ فِيْ عَظْمَةِ عَظْمَتِكَ يَا عَظِيْمُ ط

اے صاحب عظمت تو بزرگ ہوا اپنی عظمت کے ساتھ اور سب بزرگی تیری بزرگی کی بڑائی میں ہے اے صاحب عظمت۔

يَا كَبِيْرُ تَكَبَّرْتَ بِالْكِبْرِيَآءِ وَالْكِبْرِيَآءُ فِيْ كِبْرِيَآءِ كِبْرِيَآئِكَ يَا كَبِيْرُ ط

اے سب سے بڑے تو بڑا ہوا اپنی صفت کبریائی سے اور سب کبریائی تیری صفت کبریائی میں ہے اے کبیر۔

يَا كَرِيْمُ تَكَرَّمْتَ بِالْكَرَمِ وَالْكَرَمُ فِيْ كَرَمِ كَرَمِكَ

## يَا كَرِيْمُ ط

اے کرم کرنے والے تو بزرگ ہوا اپنی ذاتی بزرگی سے اور سب بزرگی تیری صفت کرم میں ہے اے کریم۔

## يَا قَدِيْرُ تَقَدَّرْتَ بِالْقُدْرَةِ وَالْقُدْرَةُ فِيْ قُدْرَةِ قُدْرَتِكَ يَا قَدِيْرُ ط

اے قدرت والے تو قادر ہے اپنی قدرت سے اور سب قدرت تیری قدرت کے قبضہ میں ہے اے قدیر۔

## يَا جَبَّارُ تَجَبَّرْتَ بِالْجَبَرُوْتِ وَ الْجَبَرُوْتُ فِيْ جَبَرُوْتِ جَبَرُوْتِكَ يَا جَبَّارُ ط

اے ٹوٹے ہوئے کو جوڑنے والے تو نے خستہ کو جوڑ دیا اپنی صفت جبروت کے ساتھ اور سب جبروت تیری صفت جبروت میں ہے اے جبّار۔

## يَاقَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَاقَهَّارُ

اے دباؤ والے تو قہار ہے اپنی صفت قہر کے ساتھ اور سب دباؤ تیرے قہر کے دباؤ میں ہے اے قہار۔

## يَا مَلِيْكُ تَمَلَّكْتَ بِالْمَلَكُوْتِ وَالْمَلَكُوْتُ فِيْ مَلَكُوْتِ مَلَكُوْتِكَ يَا مَلِيْكُ ط

اے بادشاہ تو اپنی ملکوت کے ساتھ بادشاہ ہے اور سب بادشاہتیں تیری بادشاہت کے ملکوت میں

ہیں اے بادشاہ۔

یَا قُدُّوْسُ تَقَدَّسْتَ بِالْقُدْسِ وَالْقُدْسُ فِیْ قُدْسِ قُدْسِكَ یَا قُدُّوْسُ ط

اے پاک ذات تو پاک ہوا اپنی پاکیزگی کے ساتھ اور سب بزرگی تیرے قدس کی پاکیزگی میں ہے اے قدوس۔

یَارَبُّ تَرَبَّبْتَ بِالرَّبُوْبِیَّةِ وَ الرَّبُوْبِیَّةُ فِیْ رَبُوْبِیَّةِ رَبُوْبِیَّتِكَ یَارَبُّ ط

اے پروردگار تو اپنی صفت ربوبیت کے ساتھ رب ہے اور سب کی پرورش تیری صفت ربوبیت کی پرورش میں ہے اے رب۔

یَا رَحِیْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّحْمَةُ فِیْ رَحْمَةِ رَحْمَتِكَ یَا رَحِیْمُ ط

اے رحم فرمانے والے تو نے رحم کیا اپنے رحم کے ساتھ اور سب مہربانیاں تیری صفت رحم کی بدولت ہیں اے رحیم۔

یَا وَهَّابُ تَوَهَّبْتَ بِالْهِبَةِ وَ الْهِبَةُ فِیْ هِبَةِ هِبَتِكَ یَا وَهَّابُ ط

اے بخشنے والے تو نے بخشا اپنی بخشش کے ساتھ اور سب بخشش تیری بخشش کی عطا میں ہے اے وہاب۔

يَا مَنَّانُ تَمَنَّنْتَ بِالْمِنَّةِ وَ الْمِنَّةُ فِيْ مِنَّةِ مِنَّتِكَ يَا مَنَّانُ ط

اے احسان کرنے والے تو اپنی منانیت سے احسان کرنے والا ہے اور سب احسان تیری صفت منانیت کی داد میں ہیں اے احسان کرنے والے۔

يَا حَكِيْمُ تَحَكَّمْتَ بِالْحِكْمَةِ وَالْحِكْمَةُ فِيْ حِكْمَةِ حِكْمَتِكَ يَا حَكِيْمُ ط

اے صاحب حکمت تو استوار ہے اپنی حکمت کے ساتھ اور سب حکمت تیری حکمت کی استوارکاری میں ہے اے حکیم۔

يَا مَجِيْدُ تَمَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ والْمَجْدُ فِيْ مَجْدِ مَجْدِكَ يَا مَجِيْدُ ط

اے بڑی شان والے تو بزرگ ہوا اپنے مجد سے اور سب شان تیری صفت مجد میں ہے اے مجید۔

يَا حَنَّانُ تَحَنَّنْتَ بِالْحِنَّةِ وَ الْحِنَّةُ فِيْ حِنَّةِ حِنَّتِكَ يَا حَنَّانُ ط

اے بڑے احسان والے تو احسان کرتا ہے اپنے احسان کے ساتھ اور سب احسان تیری صفت حنانیت کی داد میں ہیں اے احسان کرنے والے۔

يَا حَمِيْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِيْ حَمْدِ حَمْدِكَ يَا

حَمِيۡدُ ط

اے تعریف کئے گئے تو سراہا ہوا ہے اپنی خوبی کے ساتھ اور سب تعریف تیری حمد کی تعریف میں ہے اے حمید۔

یَا حَلِیۡمُ تَحَلَّمۡتَ بِالۡحِلۡمِ وَالۡحِلۡمُ فِیۡ حِلۡمِ حِلۡمِكَ یَا حَلِیۡمُ ط

اے بردبار تو حلیم ہے اپنی صفت حلم کے ساتھ اور سب بردباری تیرے حلم کی بردباری میں ہے اے حلیم۔

یَا قَدِیۡمُ تَقَدَّمۡتَ بِالۡقِدَمِ وَالۡقِدَمُ فِیۡ قِدَمِ قِدَمِكَ یَا قَدِیۡمُ ط

اے سب سے پہلے تو قدیم ہے اپنے قدم سے اور سب قدامت تیرے قدم کی قدامت میں ہے اے سب سے پہلے۔

یَا شَهِیۡدُ تَشَهَّدۡتَ بِالشَّهَادَةِ وَ الشَّهَادَةُ فِیۡ شَهَادَةِ شَهَادَتِكَ یَا شَهِیۡدُ ط

اے گواہ تو گواہ ہے اپنی صفت شہادت سے اور سب گواہی تیری شہادت کی شہادت میں ہے اے گواہ۔

یَا قَرِیۡبُ تَقَرَّبۡتَ بِالۡقُرۡبِ وَالۡقُرۡبُ فِیۡ قُرۡبِ قُرۡبِكَ یَا قَرِیۡبُ ط

اے قریب تو نزدیک ہے سب سے اپنی صفت قرب کے ساتھ اور سب نزدیکی تیرے قرب کی نزدیکی میں ہے اے قریب۔

**يَا نَصِيْرُ تَنَصَّرْتَ بِالنُّصْرَةِ وَالنُّصْرَةُ فِيْ نُصْرَةِ نُصْرَتِكَ يَا نَصِيْرُ ط**

اے مددگار تو مددگار ہے اپنی صفت نصرت کے ساتھ اور سب مدد تیری نصرت کی نصرت میں ہے اے نصیر۔

**يَا شَكُوْرُ تَشَكَّرْتَ بِالشُّكْرِ وَالشُّكْرُ فِيْ شُكْرِ شُكْرِكَ يَا شَكُوْرُ ط**

اے قدر دان تو قدردان ہوا اپنی قدردانی کے ساتھ اور سب قدر دانی تیری قدر میں اے قدردان۔

**يَا سَتَّارُ تَسَتَّرْتَ بِالسَّتْرِ وَالسَّتْرُ فِيْ سَتْرِ سَتْرِكَ يَا سَتَّارُ ط**

اے پردہ پوش تو ستار ہوا اپنی صفت ستّاریّت سے اور پردہ پوشی تیری صفت ستّاریّت کی پردہ پوشی میں ہے

**يَا خَالِقُ تَخَلَّقْتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِيْ خَلْقِ خَلْقِكَ يَا خَالِقُ ط**

اے پیداا کرنے والے تو نے پیدا کیا اپنی صفت خلق کے ساتھ اور سب خلق تیری خالقیت کی

پیدائش میں ہے اے خالق۔

يَا رَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِيْ رِزْقِ رِزْقِكَ يَا رَزَّاقُ ط

اے روزی رساں تو روزی پہنچاتا ہے اپنے رزق سے اور سب روزی تیرے رزق کے طفیل ہے اے رزاق۔

يَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِيْ فَتْحِ فَتْحِكَ يَا فَتَّاحُ ط

اے فتاح تو نے کھولا اپنی فتح کے ساتھ اور سب کشائش تیری فتح کی کشائش میں ہے اے فتاح۔

يَا عَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَ الْعِلْمُ فِيْ عِلْمِ عِلْمِكَ يَا عَلِيْمُ ط

اے جاننے والے تو نے جانا اپنے علم کے ساتھ اور سب علم تیرے علم کی داشت میں ہے اے علیم۔

يَارَفِيْعُ تَرَفَّعْتَ بِالرَّفْعَةِ وَالرَّفْعَةُ فِيْ رَفْعَةِ رَفْعَتِكَ يَارَفِيْعُ ط

اے بلند تو نے بلند کیا اپنی رفعت کے ساتھ اور سب بلندی تیری رفعت کی بلندی میں ہے اے رفیع

يَا حَافِظُ حَفِظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِيْ حِفْظِ حِفْظِكَ يَا

حَافِظُ ط

اے نگہبان تو نے نگہبانی کی اپنی صفت حفاظت کے ساتھ اور سب نگہبانی تیری صفت حفظ کی نگہبانی میں ہے اے نگہبان۔

يَا سَلَامُ تَسَلَّمْتَ بِالسَّلَامِ وَالسَّلَامُ فِيْ سَلَامِ سَلَامِكَ يَا سَلَامُ ط

اے سلامت! تو اپنی سلامتی کے ساتھ سلامت ہوا اور سب سلامتی تیری صفت سلامت کی سلامتی میں ہے اے سلامت۔

يَا وَاصِلُ تَوَصَّلْتَ بِالْوَصْلِ وَالْوَصْلُ فِيْ وَصْلِ وَصْلِكَ يَا وَاصِلُ ط

اے ملانے والے تو نے ملایا سب کو ملاپ کے ساتھ اور سب ملاپ تیرے وصل کی طلب میں ہے اے ملانے والے۔

يَا فَاضِلُ تَفَضَّلْتَ بِالْفَضْلِ وَالْفَضْلُ فِيْ فَضْلِ فَضْلِكَ يَا فَاضِلُ ط

اے صاحب فضل تو نے فضل کیا اپنی صفت فضل کے ساتھ اور سب بزرگی تیرے فضل کی بزرگی میں ہے اے صاحب فضل۔

يَا فَاعِلُ تَفَعَّلْتَ بِالْفِعْلِ وَالْفِعْلُ فِيْ فِعْلِ فِعْلِكَ يَا فَاعِلُ ط

اے کرگزرنے والے تو کرنے والا ہوا ساتھ اپنی صفت فعلیت کے اور ہر فعل میں تیرا فعل ہے اے کرگزرنے والے

يَا فَارِضُ تَفَرَّضْتَ بِالْفَرْضِ وَالْفَرْضُ فِيْ فَرْضِ فَرْضِكَ يَا فَارِضُ ط

اے نافذ کرنے والے تو نافذ کرنے والا ہوا اپنی صفت نفاذ کے ساتھ اور ہر نفاذ میں تیرا انفاذ ہے اے نافذ کرنے والے۔

يَا سَمِيْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِيْ سَمْعِ سَمْعِكَ يَا سَمِيْعُ ط

اے سُننے والے تو نے سُنا اپنی صفت سماعت کے ساتھ اور سب سُننا تیری صفت سماعت کی بدولت ہے اے سُننے والے

يَا سَامِعُ يَا مُجِيْبُ يَا اَللّٰهُ يَا عَزِيْزُ يَارَبُّ لَآاِلٰهَ اِلَّاهُوَ

اے سُننے والے، اے قبول کرنے والے، اے اللہ، اے غلبے والے، اے پالنے والے، نہیں کوئی

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ط يَا قُدُّوْسُ اَسْئَلُكَ

معبود مگر وہ میں نے اس پر بھروسہ کیا اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے پاک ذات میں تجھ

اَنْ تُصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَغْفِرْلِيْ وَ تَرْحَمْنِيْ وَ اَتُوْبُ

سے سوال کرتا ہوں کہ تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج اور تو میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور

اِلَيَّ وَاَنْ تَقْضِيْ حَاجَتِيْ وَ تَكْفِيْ مُهِمَّاتِيْ وَ تَسْتَجِيْبُ

میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور تو میری حاجت پورا فرما اور میری مشکلات کو آسان فرما اور

دَعْوَتِیْ وَتَقَبَّلْ عِبَادَتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

میری دعا اور میری عبادت کو قبول فرما ساتھ اپنی رحمت کے اے سب سے بڑھ کر رحیم ذات۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ

اے اللہ تو میرا رب ہے تو ہی معبود حقیقی و برحق ہے۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں۔

وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ

میں اپنے عہد جو میں نے روز میثاق کیا تھا اور وعدہ پر بقدر استطاعت قائم ہوں۔ میں تیرے ذریعہ

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَكَ

سے اس شر سے پناہ چاہتا ہوں جو میں نے کیا ہے۔ مجھ پر جو تیری نعمت ہے میں اس کا اعتراف کرتا

بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں۔ مجھے بخش دے کیونکہ تو ہی گناہ بخشنے والا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

اے میرے پروردگار! تو میری مغفرت کر دے میری توبہ کو قبول کر بے شک تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ اور قائم ہے اور میں

وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ

اے اللہ تو میرا پروردگار ہے، تو ہی معبود حقیقی ہے، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں

وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ

اور تجھ سے کیے ہوئے عہد و پیمان پر قائم ہوں، جہاں تک مجھ سے ہو سکے۔ جو کچھ میں نے کیا

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ وَاَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَعْتَرِفُ

اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ تیری جو نعمتیں مجھ پر ہیں، میں ان کا اعتراف کرتا ہوں اور

بِذُنُوْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا

اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں، تو میرے گناہوں کی مغفرت کر دے، کیونکہ گناہوں کی

اَنْتَ ط

مغفرت صرف تو ہی کرسکتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ ط اَعُوْذُ

اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے، تو مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ، تو مجھے رزق عطا کر، تو مجھے

بِاللّٰهِ مِنْ ضِیْقِ الْمَقَامِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ط

عافیت نصیب کر۔ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں قیامت کے دن کی حالت کی تنگی سے

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ

”اے اللہ! تو نے مجھے جو تعلیم دی ہے اُس کے ذریعہ مجھے نفع عطا کر اور مجھے اُس چیز کا علم عطا

وَزِدْنِیْ عِلْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰہِ

کر جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ فرما اور ہر حال میں ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے

مِنْ حَالِ اَھْلِ النَّارِ

مخصوص ہے اور میں اہلِ جہنم کی حالت سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں‘‘۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُرِیْدُ بِحَقٍّ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ط

اے اللہ تو صاحب ارادہ ہے ساتھ اپنی حقیقت کے اس کا کمال یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کو بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے کُن یعنی ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَلِیْمُ بِحَقٍّ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ط

اے اللہ تو صاحب علم ہے ساتھ اپنی حقیقت کے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَدِیْرُ بِحَقٍّ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

اے اللہ تو صاحب قدرت ہے ساتھ اپنی حقیقت کے اور اللہ ہر چیز پر قادرِ مطلق ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ بِحَقٍّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

اے اللہ تو صاحب حیات ہے ساتھ اپنی حقیقت کے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ اور قائم ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی رحمت کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِعِزَّتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی عزت کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِعَظْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی عظمت کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِكَرَامَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی کرامت کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِقُدْرَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی قدرت کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِفَضْلِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنے فضل کے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِنُصْرَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اے ہمیشہ قائم ذات میری مدد فرما ساتھ اپنی نصرت کے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ

اے اللہ! تو سلامتی عطا کرنے والا ہے، اور سلامتی تجھ سے ہی حاصل ہو سکتی ہے، تو برکت والا ہے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط

اے صاحب جلال و اکرام۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ط

اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے اپنے صالح بندوں میں شامل فرما۔

آمِیْنَ ثُمَّ آمِیْنَ ط

میری دُعا کو قبول فرما پھر قبول فرما۔


راقم الحروف

الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ

+923214502183

چاہ میراں لاہور پاکستان

# دُعائیہ کلمات

اے اللہ! میں تیری پاکی کا اعتراف کرتا ہوں اور ہر طرح کی حمد تیرے ہی لیے مخصوص ہے۔ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

یاالٰہی! ہر قسم کی بڑائی اور کبریائی تیرے ہی شایان شان ہے سے اور تیری مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ تو بلند و برتر اور عظمت کا مالک ہے"۔

اے اللہ! حمد تیرے ہی لئے ہے کیونکہ تو آسمانوں اور زمینوں اور جو کچھ ان میں ہے سب کو روشن کرنے والا ہے۔

اے اللہ! حمد تیرے ہی لئے ہے کیونکہ تو آسمانوں اور زمینوں اور جو کچھ ان میں ہے جمیع احوال میں ان کی تدبیر کرنے والا ہے

اے اللہ! حمد تیرے ہی لئے ہے کیونکہ تو حق ہے یعنی تحقیق الوجود جس میں شک نہیں تیرا وعدہ حق ہے یعنی ثابت ہے اس کے وقوع اور تحقیق میں شک داخل نہیں ہوسکتا تیرا قول حق ہے۔ مرنے کے بعد قیامت میں تیری ملاقات حق ہے، جنت حق ہے، دوزخ حق ہے، قیامت کا قائم ہونا حق ہے۔ انبیاء حق ہیں اور محمد ﷺ حق ہیں۔

اے اللہ! میں تیرے امر اور نہی کا فرمانبردار ہوں۔ تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں، میں تجھ پر ایمان لایا اور تیری طرف رجوع کیا اور تیرے سبب جو تو نے مجھے برہان اور سنان عطا فرمایا معاند خصم سے خصومت کرتا ہوں اور ہر وہ شخص جو حق کا انکار کرے میں تجھے ہی اپنے اور اس کے درمیان حاکم بناتا ہوں۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دے جو میں نے پہلے کئے اور جو بعد میں کئے جو میں نے خفیہ کئے اور جو اعلانیہ کئے۔

اے اللہ! قیامت کے دن مجھے اٹھانے میں تو ہی مقدم ہے اور دنیا میں مجھے مبعوث کرنے میں تو

ہی مؤخر ہے تو ہی میرا معبود برحق ہے اور تیرے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں ۔

یاالٰہی! تیری ذات پاک ہے اور تو پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے میں تجھ سے اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ تو میرے وہمات، خیالات، تصورات اور انفاس کو پاک کر دے تا کہ میں تیرے محل قرب میں جگہ پاؤں ۔

اے اللہ! تو جلال و اکرام والا ہے پس تو مجھے اپنی نعمت اور کرامت کے فائدوں سے محروم نہ فرما۔

اے اللہ میں تیری عزت کی پناہ چاہتا ہوں کیونکہ تیری ہی واحد ذات ہے جس کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں تو وہ ہے جسے موت نہیں اور تو ہی ہے جس نے ہر جاندار پر موت کو غالب فرمایا۔

اے اللہ! تو ہی میرا سچا خالق اور مالک ہے تو مجھے اپنی ملکیت سے وہ چیز عطا فرما جو میرے حق میں بہتر ہو۔

یاالٰہی! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز سے جس میں شر ہو اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے ہر قسم کی خیر سے نواز دے ۔

یاالٰہی! میرے دل کو ہر قسم کی بیماریوں سے نجات دے جو مجھے تیری یاد سے غافل کرنے والی ہوں ۔

یاالٰہی! میرے الحان کو خوش الحانی عطا فرما تا کہ میں ہمہ وقت تیرے ذکر میں مشغول رہوں۔

اے اللہ! تو والی رہے میں سفر و حضر میں اور تو عزت بخش میں قیام میں اور تیری ہم نشینی میرے ساتھ رہے ۔

یاالٰہی! تو ہر اس چیز کو مجھ سے دور پھینک دے جو مجھے تجھ سے دور پھینکنا چاہتی ہے ۔

یاالٰہی !میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر رات اور ہر دن کے شر سے اور جادو کرنے والوں کے جادو سے ۔ظالمین کے ظلم سے ۔ ہر حاسد کے حسد سے ۔ ہر جابر کے جبر سے ۔ ہر کافر کے کفر سے ۔ ہر غاصب کے غصب سے ۔ ہر مشرک کے شرک سے ۔ ہر باغی کی بغاوت سے ۔ ہر سرکش کی سرکشی سے ۔ ہر عدوات رکھنے والوں کی عداوت سے ۔ ہر بغض رکھنے والے کے بغض سے ۔ ہر پھونکیں مارنے والوں کی پھونکوں کے شر سے ۔ ہر گرہ لگانے والے کی گرہ کے شر سے ۔

''اے اللہ! تو نے مجھے جو تعلیم دی ہے اُس کے ذریعہ مجھے نفع عطا فرما اور مجھے اُس چیز کا علم عطا فرما جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں اضافہ فرما' ہر حال میں ہر طرح کی حمد تیرے ہی لیے مخصوص ہے اور میں جہنمیوں کی حالت سے تیری پناہ چاہتا ہوں''۔

یاالٰہی! میں تجھ سے اس بات کا سائل ہوں کے تو مجھے ہر قسم کی گمراہیوں اور ہلاکتوں سے محفوظ فرما۔

یاالٰہی! میرے ذکرواذکار، میری عبادت اور میری نماز کو اپنے دربار میں قبول ومنظور فرما۔

یَامَالِكُ الْمُلْك! میرے واہمات کو دور کردے اور میرے غموں کو زائل کردے۔

یااللہ! تو مجھے میرے دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھ، اور مجھے اُن پر غلبہ عطا فرما بیشک تو ہی ہر چیز پر غالب ہے۔

یاالٰہی! مجھے عزت عطا فرما اور ہر قسم کی ذلّت سے نجات دے۔

یاالٰہی! میرے رزق میں فراخی بخش اور اس میں برکت عطا فرما۔

یاالٰہی! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں ہر دن کی برائی سے جسے لے کر وہ ظاہر ہوتا ہے اور ہر رات کے شر سے جسے لے کر وہ اپنے ساتھ آتی ہے۔

یااللہ! میرے اور میرے والدین کے گناہوں کو معاف فرما کر ہماری بخشش فرما۔

یاالٰہی! تو میرے لیے میری اولاد کو باعث رحمت بنادے اور ان کو ہر قسم کی خرافات سے محفوظ رکھ۔ اور انہیں ہر قسم کے شر سے اپنی پناہ میں رکھ۔

یاالٰہی! عزت بخش میرے قیام میں اور تُو مونس ہو میرے آنے اور جانے میں۔

یااللہ! تمام اُمتّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بخشش فرما اور اُن پر رحم فرما اور اُن کے درجات کو بلند فرما۔

اوّل خیر، آخر خیر، ظاہر خیر، باطن خیر ہر عادت محمد رسول ﷺ یااللہ میں تیرا عاجز بندہ تُو دعا کر قبول۔

''اے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر درود نازل کر''۔

## وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط